| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی ستائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'جھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف جھ کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ جھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں جھ کے الفاظ کے توڑ کر سکیں اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ اور ٹھ کی آوازیں اور الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'جھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ تختہ سیاہ پر حرف 'ج' اور اس کی آدھی شکل لکھے گی۔ 'جھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھا جائے گا اس کی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں سے ہوا میں، میز پر جھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر جُھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ بھ، پھ، تھ، ٹھ اور جھ لکھ کر 'جھ' پر چھلانگ لگانے کو کہا جائے گا (جھ باقی حروف سے تعداد میں زیادہ بار لکھا جائے گا) بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر جھ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ کی لکھائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'جھ' لکھیں۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی　　　　ستائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'جھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف جھ کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ جھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں جھ کے الفاظ کے توڑ کر سکیں اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'جھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>'جھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کیا جائے گا۔اور پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>جھ+ ا=جھا　　جھ + و= جھو　　جھ+ی = جھی　　جھ + ے= جھے<br>بچوں سے جھ کے الفاظ سوچنے کو کہا جائے گا۔ جھ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر بھاری الفاظ (بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ لکھیے) (جھ کے الفاظ زیادہ ہوں گے) باری باری بچوں کو بُلا کر جھ والے الفاظ کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔دائرہ بنانے کے بعد وہ لفظ درست بچوں کے ساتھ پڑھ کر بتائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 49 کھولنے کو کہا جائے گا۔ج کو ھ سے ملا کر لکھنے اور جھ کو مصوتوں سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں جھ کو مصوتوں سے ملا کر لکھوائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں جھا، جھو، جھی، جھے لکھیں۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | جھ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>49 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'جھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی　　ستائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'جھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف جھ کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ جھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں جھ کے الفاظ کے توڑ کر سکیں اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>جھ، جھا، جھو، جھی، جھے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>جھاڑو　جھالر　جھاگ　جھاڑی　جھیل　جھومر　جُھولا<br>کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ان تمام کے توڑ کرنا بتائے جائیں گے مثال کے طور پر جھ ا ـ ڑ ـ ی<br>جھاڑی۔ بچوں سے ان الفاظ پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ کمرہ جماعت میں جھ اور ڑھ کے الفاظ فلیش کارڈ چھپا دیں گی۔ بچوں سے 'جھ' الفاظ ڈھونڈ کر لانے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے سے یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 50 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جھ کے الفاظ کے توڑ کرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے لکھے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر جملوں کی پڑھائی کروایئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | جھ اور ڑھ کے الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 50 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'جھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی ستائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'جھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف جھ کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ جھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں جھ کے الفاظ کے توڑ کر سکیں اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>جھ کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'جھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'جھ' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ معلمہ خود بھی جملے بتائے گی مثال کے طور پر صابن سے جھاگ مت بناؤ۔ کپڑے دھونے کے لیے آمنہ نے سرف سے جھاگ بنائی۔ وغیرہ | 10منٹ | 'جھ' الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 51 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کو دیکھنے اور ان پر جملہ بنانے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائے گی اور بچوں کو بورڈ سے دیکھ کر جملے لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بورڈ پر بُلا کر لکھے جملوں میں 'جھ' کے الفاظ کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 51 | |
| | **اختتامیہ:**<br>جھ کے الفاظ سفید/ سیاہ بورڈ پر لکھوائے جائیں گے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی ستائیسواں ہفتہ | موضوع: | جملہ سازی | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کی پڑھائی کر سکیں اور جملے بنا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ، پھ، تھ، ٹھ، اور جھ کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم جملے بنانا سیکھ چکے ہیں۔<br>دانت آنکھ ٹانگ چاند<br>کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ان الفاظ کی تصاویر بنانا سکھائی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر دانت، آنکھ، ٹانگ اور چاند لکھنے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 94 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دانت۔ آنکھ، ٹانگ اور چاند کی تصاویر بنانے اور جملے لکھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر جملے لکھے گی۔<br>آمنہ کے دانت ہیں داد ہے آج چودھویں کا چاند ہے<br>علی کی ٹانگ پر چوٹ لگی ہے سعدیہ کی آنکھیں چھوٹی ہیں<br>**اختتامیہ:**<br>الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>جھولا، جھومر پر جملہ کاپی میں لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور ان کے جملے بنانے پر۔ |